**30.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

.............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے مہاراشٹر کے پال گھر ضلعے میں Vadhvan بندرگاہ کا سنگ بنیاد رکھا، جس سے بین الاقوامی جہاز رانی راستوں کیلئے سیدھا رابطہ فراہم ہوسکے گا۔

☆ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے وکست بھارت کی تعمیر میں خواتین کے اہم رول کو اجاگر کیا ہے۔

☆ جولائی کے مہینے میں ملک کے 8 بنیادی شعبوں میں شرحِ ترقی 6 اعشاریہ ایک فیصد رہی۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے دو تین دن کے دوران اڈیشہ، ساحلی آندھرا پردیش، تلنگانہ اور چھتیس گڑھ میں بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور...... پیرس میں جاری Paralympic گیمز میں بھارت نے چار تمغے جیتے ہیں۔ Avani Lekhara نے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

.............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *PM Vadhvan Port*

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج مہاراشٹر کے پال گھر ضلع میں Vadhvan پورٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ انھوں نے ماہی پروری سے متعلق مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کیا۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلے دس سال میں ملک کے ساحلی علاقوں میں تیزی کے ساتھ ترقی ہوئی ہے جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ جناب مودی نے کہا کہ سرکار نے بندرگاہوں کو جدیدطرز پر ڈھالنے کا کام کیا ہے، آبی گذرگاہیں تیار کی ہیں اور اِس کام پر لاکھوں کروڑوں روپئے لگائے ہیں۔وزیر اعظم نے مزید کہا کہ پرائیویٹ سرمایہ کاری میں بھی اضافہ ہوا ہے جس سے نوجوانوں کو فائدہ ملا ہے اور نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ آج پوری دنیا کی نگاہیں Vadhvan پورٹ پر ہیں، جس سے اِس پورے خطے کا اقتصادی منظر نامہ بدل جائے گا۔

S/B 2100 PM PORT -F-

Vadhvan پورٹ پال گھر ضلع میں Dahanu ٹاؤن کے نزدیک واقع ہے اور یہ ملک کی گہرے پانی کی

سب سے بڑی بندرگاہوں میں سے ایک ہوگی۔ اِس سے بین الاقوامی جہاز رانی راستوں کیلئے سیدھا رابطہ فراہم ہوسکے گا، ایک مقام سے دوسرے مقام تک جانے میں کم وقت لگے گا اور خرچ بھی کم ہوگا۔ وزیر اعظم نے ماہی پروری سے متعلق 218 پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کیا اور سنگ بنیاد رکھا جن کی مالیت تقریباً ایک ہزار 560 کروڑ روپئے ہے۔ اِس کا مقصد ملک میں مذکورہ سیکٹر کے بنیادی ڈھانچے اور پیداواریت کو فروغ دینا ہے۔جناب مودی نے چھترپتی شیواجی اور اُن سبھی لوگوں سے معذرت کا اظہار کیا جنہیں راج کوٹ قلعہ پر سرکردہ حکمراں کے مجسّمے کے منہدم ہونے سے ٹھیس پہنچی ہے۔

S/B 2100 PM Shivaji - F -

## Mumbai PM Fintech

اِس سے پہلے ممبئی میں اسپیشل گلوبل فن ٹیک فیسٹ، GFF-2024 سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت کا فن ٹیک شعبہ، دنیا بھر کے لوگوں کی زندگیوں کو آسان بنائے گا۔وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کی جانب سے فن ٹیک کے شعبے کو اپنایا جانا، رفتار اور پیمانے کے لحاظ سے بے مثال ہے اور دنیا کے آدھے ڈیجیٹل لین دین بھارت میں ہو رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ فن ٹیک نے مالیاتی خدمات کو جمہوری شکل میں ڈھالنے میں اہم رول ادا کیا ہے۔جناب مودی نے کہا کہ ڈیجیٹل لین دین نے متوازی معیشت کی لعنت کو ختم کر دیا ہے اور بینکنگ نظام کی شفافیت میں اضافہ کیا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے زور دیکر کہا کہ فن ٹیک کے ذریعے بھارت میں لائے گئے بدلاؤ کا اثر صرف ٹیکنالوجی تک محدود نہیں ہے بلکہ اِس پہل کا سماجی اثر دور رَس ہے۔

S/B: 1400- PM on Fintech

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بھارت کے ریزرو بینک کے گورنر شکتی کانت داس نے کہا کہ بھارت اِس وقت بدلاؤ کے اُس دہانے پر کھڑا ہے جہاں ٹیکنالوجی ہر شہری کی خواہشات کی تکمیل کا اہم ترین وسیلہ ہوگی۔ x

## VP Women

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ بھارت اس وقت تک ایک ترقی یافتہ ملک نہیں بن سکتا جب تک کہ اس کی ترقی میں خواتین کی شمولیت نہ ہوں۔ نائب صدر آج دلّی یونیورسٹی کے بھارتی کالج میں ''وکست بھارت میں خواتین کا رول'' کے موضوع پر تبادلۂ خیال کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ وکست بھارت کی تعمیر میں خواتین اہم ترین فریق ہیں۔ انھوں نے کہا کہ لڑکیاں اور خواتین بیش بہا توانائی اور صلاحیت کی حامل ہیں۔ ان کی زیادہ سے زیادہ شراکت داری کیلئے ایک ایکو نظام تشکیل دیئے جانے پر زور دیا۔ نائب صدر جناب دھنکھڑ نے خواتین کی قیادت والے با اختیار بنانے کے عمل پر زور دیا۔کولکاتہ کے آبرو ریزی اور قتل واقعے پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے نائب صدر نے کہا کہ جس معاشرے میں خواتین اور لڑکیاں خود کو محفوظ نہ محسوس کرسکیں، اسے مہذب معاشرہ نہیں کہا جاسکتا۔

S/B: Jagdeep Dhankar- Sabhya Samaj

## Shah MoU

امور داخلہ اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت کو Organic غذائی اشیاء تیار کرنے والا دنیا کا سب سے بڑا ملک بنانے کے وزیر اعظم کے نظریے میں امدادِ باہمی اداروں کا اہم رول ہے۔ انھوں نے کہا کہ Organic کھیتی کی تحریک ایک اہم مرحلے پر پہنچ گئی ہے۔ جناب امت شاہ نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اب Organic اشیاء کے بارے میں عالمی سطح پر بیداری پیدا ہوگئی ہے اور اِن اشیاء کیلئے ایک بڑی بین الاقوامی مارکیٹ ہے۔ انھوں نے کہا کہ Organic اشیاء کے منافع بخش کاروبار میں بھارتی کسانوں کی حصے داری میں اضافہ ہوگا اور اِس طرح اُن کی آمدنی بھی بڑھ جائے گی۔

S/B 2100 Amit Shah Jaivik Kheti

## Waqf Meeting

وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق مشترکہ کمیٹی کی میٹنگ آج نئی دلّی میں ہوئی تاکہ مختلف متعلقہ اداروں اور افراد سے اُن کی تجویزیں اور رائے حاصل کی جاسکے۔ لوک سبھا کے ممبر پارلیمنٹ Jagdambika Pal کی سربراہی میں یہ کمیٹی تشکیل دی گئی تھی۔ مذکورہ بل کا مقصد خامیوں کو دور کرنا اور وقف املاک کے بندوبست اور انتظامیہ کی صلاحیت کو وسعت دینا ہے۔x

## Core Industries Data

جولائی کے مہینے میں ملک کے آٹھ بنیادی شعبوں کی شرحِ ترقی چھ اعشاریہ ایک فیصد رہی۔ کامرس کی وزارت کی جانب سے آج جاری کئے گئے اعداد وشمار کے مطابق آٹھ بنیادی شعبے کی صنعتوں کے مجموعی اشاریے سے کلیدی شعبوں کی پیداوار کی عکاسی ہوتی ہے۔ ان میں سیمنٹ، کوئلہ، خام تیل، بجلی، کیمیاوی کھاد، قدرتی گیس، ریفائنری اشیا اور اسٹیل شامل ہیں۔ اسٹیل کی تیاری میں شرحِ ترقی سات اعشاریہ دو فیصد رہی جو پچھلے تین مہینے میں سب سے زیادہ ہے۔ سیمنٹ کے شعبے میں شرحِ ترقی ساڑھے پانچ فیصد ریکارڈ کی گئی جو گذشتہ چار مہینے میں سب سے زیادہ ہے۔ اِس سے تعمیراتی سرگرمیوں میں اضافے کی عکاسی ہوتی ہے۔ پیٹرولیم کی پیداوار میں چھ اعشاریہ چھ فیصد کا اضافہ ہوا جو گذشتہ آٹھ مہینے میں سب سے زیادہ ہے۔جولائی کے مہینے میں کوئلے کی صنعت کی پیداوار میں چھ اعشاریہ آٹھ فیصد جبکہ بجلی کی پیداوار میں سات فیصد کا اضافہ ہوا۔x

## PM Vande Bharat

وزیر اعظم نریندر مودی کل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے تین وندے بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ 'میک اِن انڈیا' اور 'آتم نربھر بھارت' کے نظریے کی مناسبت سے جدید طرز کی وندے بھارت ایکسپریس تین راستوں پر کنیکٹی ویٹی کو بہتر بنائے گی۔ اِن میں میرٹھ-لکھنؤ، مدورئی-بینگلورو اور چنئی-Nagercoil شامل ہیں۔
اِن نئی وندے بھارت ریل گاڑیوں سے عوام کو سفر کرنے کا عالمی معیار کا وسیلہ فراہم ہوگا اور رفتار کے ساتھ

ساتھ سفر آرام دہ بھی ہوگا۔ اِس سے تین ریاستوں اترپردیش، تمل ناڈو اور کرناٹک کے لوگوں کو سہولت ہوگی۔x

## PM Judiciary

وزیر اعظم نریندر مودی، کل صبح نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ڈسٹرکٹ عدلیہ سے متعلق قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر وزیر اعظم، سپریم کورٹ کے قیام کے 75 برس مکمل ہونے کے تناظر میں ایک ڈاک ٹکٹ اور یادگاری سکّہ بھی جاری کریں گے۔ سپریم کورٹ کی جانب سے منعقد کی گئی اس دو روزہ کانفرنس میں ڈسٹرکٹ عدلیہ معاملات سے متعلق 5 اجلاس ہوں گے، جن میں بنیادی ڈھانچہ، شمولیت والے courtrooms، عدالتی سیکیورٹی، Case مینجمنٹ اور تربیت سے متعلق معاملات شامل ہیں۔ افتتاحی پروگرام میں چیف جسٹس، قانون و انصاف کے مرکزی وزیر اور اٹارنی جنرل شرکت کریں گے۔ x

## PM Brunei Singapore

وزیر اعظم نریندر مودی منگل کے روز Brunei اور سنگاپور کے تین دن کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو بتایا کہ جناب مودی، Brunei کے سلطان حاجی حسن Al Bolkiah کی دعوت پر اگلے مہینے کی 3 تاریخ کو Brunei دارالسلام جائیں گے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ کسی بھارتی وزیر اعظم کا اُس ملک کا یہ پہلا باہمی دورہ ہوگا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ جناب مودی کا یہ دورہ ایک ایسے وقت ہو رہا ہے کہ جب بھارت اور Brunei کے درمیان سفارتی تعلقات قائم ہونے کو 40 سال مکمل ہو رہے ہیں۔ جناب جیسوال نے بتایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں بدھ کے روز سنگاپور پہنچیں گے۔ وہ سنگاپور کے وزیر اعظم Lawrence Wong کی دعوت پر وہاں جارہے ہیں۔

S/B 2100 Randhir Jaiswal MEA

## Gujarat Cyclone

بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے دو تین دن کے دوران اڈیشہ، ساحلی آندھراپردیش، چھتیس گڑھ، ودربھ اور تلنگانہ میں بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔اِدھر گجرات میں کچھ کے خطے پر ہوا کے گہرے دباؤ کا حلقہ مغرب کی سمت بڑھ رہا ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق اِس کے مغرب کی سمت بڑھنے اور کچھ اور پاکستان ساحل کے نزدیک شمال مشرقی بحیرۂ عرب میں پہنچنے اور اگلے چھ گھنٹے میں سمندری طوفان کی شکل اختیار کرنے کا امکان ہے۔اِس طوفان سے بھارتی ساحلی علاقے متاثر ہونے کا امکان بہت کم ہے کیونکہ اِس کے اگلے دو دن کے دوران اِن علاقوں سے دور آگے بڑھنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ ادھر کچھ کی ضلع انتظامیہ نے ممکنہ سمندری طوفان کا سامنا کرنے کی تیاری کرلی ہے۔ کچّے مکانوں میں رہنے والے لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ہے۔Mundra، کانڈلہ اور Jakhau بندرگاہوں پر احتیاطی Signal لگا دیئے گئے ہیں کیونکہ طوفان کی وجہ سے سمندر میں اونچی لہریں اٹھنے کا امکان ہے۔x

## Champai Soren BJP

جھارکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ چمپئی سورین آج سہ پہر رانچی کے Dhurwa میدان میں منعقدہ ایک تقریب میں BJP میں شامل ہوگئے۔ اِس سے پہلے چمپئی سورین نے زور دے کر یہ کہا تھا کہ وہ قبائلی پہچان اور بقا کو بچانے کی خاطر BJP میں شامل ہو رہے ہیں، جسے بنگلہ دیش سے بہت زیادہ دراندازی کی وجہ سے ریاست کے سنتھال پرگنہ خطے میں خطرہ لاحق ہے۔x

## Paralympics

بھارت نے پیرس میں جاری پیرا لمپکس گیمز میں چار تمغے جیتے ہیں۔ اِن میں ایک سونے، ایک چاندی اور دو کانسے کے تمغے شامل ہیں۔ خواتین کے 10 میٹر ایئر رائفل مقابلے میں تیر انداز Avani Lekhara نے سونے کا، جبکہ مونا اگروال نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ Avani Lekhara پیرا لمپکس 2 سونے کے تمغے جیتنے والی پہلی بھارتی خاتون ایتھلیٹ بن گئی ہیں۔مونا اگروال نے گیمز میں پہلی مرتبہ حصہ لیتے ہوئے ملک کیلئے پہلا تمغہ حاصل کیا۔مردوں کے10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں منیش نروال نے 234.7 پوائنٹس اسکور کرکے چاندی کا تمغہ حاصل کیا، جبکہ خواتین کی 100 میٹر دوڑ میں پریتی پال نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ x

## PM Avani Mona

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارتی تیر انداز Avani Lekhara کو پیرس پیرا لمپکس 2024 کے R2 خواتین کے 10 میٹر ایئر رائفل SH-1 مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ Avani لیکھرا نے تاریخ رقم کی ہے کہ وہ پیرا لمپکس میں تین تمغے حاصل کرنے والی پہلی بھارتی خواتین ایتھلیٹ ہیں۔ جناب مودی نے ان کی بے پناہ لگن اور ملک کو فخر کے مواقع دینے کیلئے ان کی ستائش کی۔وزیر اعظم تیر انداز مونا اگروال کو بھی پیرس پیرا لمپکس 2024 میں R2 خواتین کے 10 میٹر ایئر رائفل SH-1 مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی۔ جناب مودی نے کہا کہ ان کی شاندار کامیابی سے ان کی لگن اور بہتر سے بہتر کرنے کے جذبے کی عکاسی ہوتی ہے۔ بھارت کو ان پر فخر ہے۔ x

## Football Durand Cup

Durand Cup فٹبال ٹورنامنٹ کا فائنل میچ کل شام کولکاتہ میں موہن باگان اور نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ کے درمیان کھیلا جائے گا۔ موجودہ چمپئن موہن باگان کی ٹیم ریکارڈ 17 بار Durand Cup جیت چکی ہے اور وہ اٹھارھواں ٹائٹل جیت کر اِس اہم ٹورنامنٹ کی تاریخ میں سب سے زیادہ Durand Cup ٹائٹل جیتنے والی ٹیم کے طور پر اپنی پوزیشن کو مزید مضبوط بنانے کے ارادے سے میدان میں اترے گی۔گروپ مرحلے میں موہن باگان کی ٹیم کا غلبہ رہا۔ اُس نے اپنے سبھی میچ جیتے اور اُس کے خلاف کوئی بھی ٹیم گول نہیں کرسکی۔ دوسری طرف نارتھ ایسٹ یونائیٹڈ کی ٹیم پہلی مرتبہ Durand Cup کے فائنل میں پہنچی ہے اور گروپ مرحلے میں اُس نے بھی تینوں میچ جیت کر شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆